اس کے ساتھ ایک پمفلٹ "سب سے بڑے انسان" (یعنی پیارے نبیؐ کی پاک زندگی کا بیان) مفت ۔

اب آپ اس رسالے کو حاصل کیے بغیر کیسے رہیں گے ؟

ماہنامہ فاران ۔ کراچی | مدیر : اسمٰعیل احمد مینائی ۔ مقام اشاعت : دفتر فاران، ڈی ۳۵/ بلاک ۸ ۔ گلشنِ اقبال کراچی ۴۷ ۔ قیمت فی پرچہ ۵/ روپے ۔ موجودہ خاص شمارہ ۲۰/ روپے چندہ سالانہ ۵۰/ روپے ۔

یہ مرحوم برادرم ماہر القادری کا بنا کردہ رسالہ ہے ۔ اس لیے اس کا ورق ورق اور لفظ لفظ عزیز ۔ اس کے ایڈیٹر بھی راقم ناچیز کے ساتھ اتنے والہانہ جذبات رکھتے ہیں اور میں نے ایسی بشاشت ان میں دیکھی ہے کہ جب تصور آتا ہے، سرور سا چھا جاتا ہے ۔

روحِ دینی کے ساتھ فروغِ ادب کا علمبردار اپنی نوعیت کا یہ ایک ہی رسالہ ہے ۔ اس نمبر کے اداریہ میں "ادب میں اباحیت کے غلبے" پر گفتگو ہے ۔ اور حال یہ ہے کہ یہاں ساری زندگی ہی مفتوحِ اباحیت ہوتی جا رہی ہے ۔ بہر حال مینائی کی دردمند روح تڑپتی ہے ۔

غالب پر چند اہم مضامین، جن میں احتسابِ غالب بھی ہے، نستعلیق رسم الخط پر گفتگو، مترادفات اور ان کا فرق، مولانا آزاد کا شعری ذوق، حافظ لدھیانوی کی حمد کے علاوہ نظمیں اور غزلیں اور رباعیات ۔ ایک خاص چیز حسن مثنیٰ ندوی کا طویل مکتوب ہے جو سید احمد عروج قادری مرحوم کے متعلق لکھے گئے ایک مضمون کے متعلق حیطۂ تحریر میں آیا ہے ۔ (ندوی صاحب اور قادری صاحب میں عزیزداری تھی) ۔

مضمون نگاروں کے نام لکھنا مشکل، لیکن آٹھ دس تو بہت ہی معروف شخصیتیں شریکِ ترتیب ہیں ۔

میں بہت شرمسار ہوں کہ فاران میں کبھی کچھ لکھ نہ سکا، نہ سلسلۂ خط و کتابت چلا ۔